FA	2

राज्य स्तरीय आकलन

सत्र 2019–20

सुझावात्मक गतिविधियाँ

कक्षा : 6वीं. विषय : उर्दू

PAPER CODE : 6061 पूर्णांक : 10

निर्देश – खण्ड 'अ' से कोई एक गतिविधि तथा खण्ड 'ब' से कोई एक गतिविधि करावें।

खण्ड – 'अ' (अंक 05)

LU601-آموزشی ماحصل:۔دوسروں کی باتوں اور خیالات کو توجّہ سے سن کر سمجھ کر اپنے انداز سے بیان کرتے ہیں۔

(ا) کہانی بنانا

عملی کام 1 :۔پڑھی سنی ہوئی کہانی کو آگے بڑھانا۔

ہدایت: 1۔استاد طلباء کو گول گھیرے میں بیٹھائیں۔

2۔استاد کی سنی ہوئی کہانی کو طلباء کو سنائیں۔

3۔استاد طلباء کو ایک ایک کر کے باری باری کہانی کو آگے بڑھانے کے لئے کہیں۔

4۔اس طرح استاد خیال رکھیں کے سبھی طلباء اس عمل میں حصّہ لیں۔اور اپنی طرف سے کہانی میں ایک دو لائینیں جوڑتے جائیں۔

(۲) زندگی کا مقصد

عملی کام 2 :۔ طلباء کو زندگی گزارنے کے طریقے اور مقصد بتانا۔

1۔استاد مختلف شعبوں کے اہم شخصیتوں کے بارے میں طلباء کو کہانی یا ویڈیو کے ذریعے معلومات فراہم کرائیں۔

2۔ طلباء سے ان کے زندگی کے اہم پہلوؤں پر بات چیت کریں۔

3۔استاد انہیں بتائیں کہ ایک اچھے انسان میں کیا خوبیاں ہونی چاہیئے اور ہم کن باتوں پر عمل کر کے اچھے انسان بن سکتے ہیں۔

4۔استاد طلباء سے پوچھیں کہ وہ اپنے اندر کی کن خوبیوں کو ابھاریںگے اور برائیوں کو ختم کرنے کی کوشش کرینگے۔

5۔استاد خیال رکھیں ہر طالب علم انفرادی طور پر کھل کر اپنی بات پیش کرے۔

(۳) تعارف بیان کرنا۔

عملی کام 3 :۔اپنا یا اپنے کسی دوست کا تعارف بیان کرنا۔

ہدایت: 1۔اُستاد بچوں کو دو۔دو کی جوڑی میں بانٹ دیں۔

2۔استاد طلباء کو آپس میں گفتگو کرنے کے لئے کہیں۔

3۔ استاد دونوں طالب علم کو سامنے بلائیں اور ایک دوسرے کا تعارف بیان کرنے کے لئے کہیں۔اس طرح سبھی طلباء یہ عمل کریں۔

4۔استاد طلباء کے ذریعے بولے جا رہے جملوں تلفّظ پر دھیان دیں۔اور درمیان میں غلطیوں کو سدھار کر انہیں دوبارہ بولنے کا موقع دیں۔

LU605 آموزشی ماحصل:۔اخباری خبروں اور دوسری تحریروں کو رموز واوقاف کے ساتھ پڑھتے ہیں۔

(۱) اشتہار کی سمجھ

عملی کام 4 :۔اخبار میں شائع ہونے والے اشتہار کی اہمیت پر اپنی رائے ظاہر کرنا۔

مثال۔ اخباروں میں شائع ہونے والے کوچنگ، کپڑے، ذرائع آمدورفت، موبائل وغیرہ کے اشتہاروں کی کٹنگ۔

ہدایت: 1۔استاد ایک سے زیادہ اخباروں کے صفحہ میں شائع مختلف اشتہاروں کی کٹنگ طلباء کو گروپ میں تقسیم کرینگے۔

2۔اشتہار، طلباء اور انکے خاندان/آس۔پاس استعمال ہونے والی چیزوں سے متعلق ہونا چاہیے۔گفتگو کرینگے۔

3۔اشتہار کی مثبت اور منفی اثرات پر طلباء سے گفتگو کرینگے۔

4۔گفتگو کے بعد ہر بچّہ کسی ایک اشتہار پر اپنی رائے پوری کلاس کے سامنے پیش کرے گا۔

5۔اس دوران استاد اور کلاس کے دوسرے طلباء خاموشی سے سنینگے۔

6۔اشتہار کو دیکھنے اور اس پر گفتگو کرنے کے لئے طلباء کو مکمل وقت دیا جائے۔

7۔انفرادی طور پر ہر طالب علم کو اپنی رائے ظاہر کرنا کا موقع فراہم کیا جائے۔

(۲) خبروں کا تجزیہ

عملی کام 5 :۔اخبار میں شائع ہونے والی مختلف خبروں پر تجزیہ کرنا۔

ہدایت: 1۔ اُستاد اخباروں سے مختلف خبروں کو اکٹھا کر کے طلباء کو فراہم کریں۔

2۔ استاد طلباء کو دو گروپ میں تقسیم کرینگے۔

3۔ ایک یا ایک سے زیادہ خبروں پر گفتگو کریں گے۔

4۔ دونوں گروپ مل کر خبروں پر تجزیہ کرے نگے۔

5۔ استاد ہر طلبہ کو بولنے کا موقع فراہم کرینگے۔

(۳) ریلوے کے اعلان کی سمجھ

عملی کام 6 :۔ طلباء کو ریلوے اسٹیشن میں ہونے والے اعلان کے متعلق سمجھ

ہدایت 1:۔ اُستاد موبائل کی مدد سے ریلوے کے اعلان کو طلباء کو سنائیں۔

2:۔ دو سے تین بار اعلان سنائیں جائیں۔

3:۔ انفرادی طور پر ہر طلبہ سے اعلان سے متعلق سوالات کیئے جائیں۔

مثال 1:۔ ٹرین کا نمبر کیا ہے؟

2:۔ ٹرین کون سے پلیٹ فارم پر آئیگی؟

3:۔ ٹرین کتنی دیر سے چل رہی ہے؟ وغیرہ۔